عیدی کی وجہ سے قربانی کا وجوب

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر بالغ بچے یا بچی کے پاس عیدی میں اتنی رقم اکٹھی ہوجائے کہ جو ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہو تو کیا اس پر قربانی واجب ہوجائے گی ؟

سائل:کبیر فرام شیفیلڈ- انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جی ہاں! اگر عید کے تینوں دنونمیں سے کسی دن بھی(عید کے پہلے دن کی فجر کے طلوع ہونےسے تیسرے دن کی مغرب تک) کسی بالغ بچے یا بچی کے پاس ساڑھے باون تولے(612.15 gramsتقریباً) چاندی کی قیمت کے برابررقم آجائےجو تقریباً آج کے ریٹ کے مطابق تقریباً 257پونڈز ہے تو اس پر قربانی واجب ہوجائے گی کیونکہ وہ ایام قربانی میں قربانی کرنے کے قابل ہوگیا ہے۔جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے :

"إذَا لَمْ يَكُنْ أَهْلًا لِلْوُجُوبِ فِي أَوَّلِ الْوَقْتِ، ثُمَّ صَارَ أَهْلًا فِي آخِرِهِ... فَإِنَّهُ يَجِبُ عَلَيْهِ"جب کوئی پہلے دن قربانی کے وجوب کا اہل نہیں تھا پھر آخری دن اس کے قابل ہوگیا تو اس پر قربانی واجب ہوجائے گی۔

(الفتاوی الہندیہ کتاب الاضحیہ باب الاول ص293)

اور بہار شریعت میں ہے قربانی کا وقت دسویں ذی الحجہ کے طلوع صبح صادق سے بارہویں کے غروب آفتاب تک ہے یعنی تین دن ، دوراتیں اور ان دنوں کو ایام نحر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3 حصہ 15 ص236 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QURBANI BECOMING NECESSARY DUE TO EID GIFT MONEY

QUESTION:

What do the scholars and muftis of the noble Shari'ah say regarding the following matter; if a baligh (mature) boy or girl becomes in possession of money as Eid gifts that is equivalent to 52.5 tolas of silver, will qurbani then become wajib (necessary) upon them?

Questioner: Kabir from Sheffield, UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Yes that is the case. If in the three days of Eid (starting from the entry of Fajr on the 1st day to the Maghrib time of the 3rd day) a baligh (mature) boy or girl comes in the possession of 52.5 tolas (612.15 grams approximately) money equivalent of silver which according to today's rate (20/08/2017) is around £257 then qurbani will become wajib (necessary) upon them. This is because they have become eligible to give qurbani in the days of sacrifice. As it is mentioned in Fatawa Hindiyyah,

فَإِنَّهُ يَجِبُ عَلَيْهِ...إذَا لَمْ يَكُنْ أَهْلًا لِلْوُجُوبِ فِي أَوَّلِ الْوَقْتِ، ثُمَّ صَارَ أَهْلًا فِي آخِرِهِ

"If upon entering of the first day of sacrifice the qurbani was not wajib upon him but then he became eligible to do so on the on the final (3rd) day the qurbani will now become wajib upon him."

[Fatawa Hindiyyah, Book of Sacrifice, Volume 1, pg 293]

And it is mentioned in Bahār-e-Sharī'at,

"The time of sacrifice is from subh sadiq (true dawn) of Fajr on the 10th Dhul Hijjah to the sun setting on the 12th of Dhul Hijjah i.e three days, two nights and these days are known as ayyām un nahr (the days of slaughter)."

[Bahār-e-Sharī'at, Volume 3, Part 15, pg 236]

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Abu Zayn